PUNJAB
Education Foundation

حوالہ نمبر: PEF/QAI/ADU/2025/ 235 تاریخ: 1 ستمبر، 2025

محترم پیف پارٹنر FAS, EVS, NSP اور PSRP-I لائسینسیز

محترم / محترمہ پرنسپل

السلام علیکم!

عنوان: اطلاع بابت ہفتہ وار کونٹینٹ بک معہ حاصلات تعلم اور لرننگ مٹیریل برائے سیشن 26-2025ء

جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ تعلیمی سیشن 2025-26 کا آغاز 7 اپریل 2025 سے ہو چکا ہے۔ اس حوالہ سے تمام پیف پارٹنرز اور پی ایس آر پی لائسینسیز فیز ا کو یہ مطلع کیا جاتا ہے کہ پیف کی جانب سے اساتذہ کی سہولت کے لیے ہر سال کی طرح مکمل عنوانات کی پیف فہرست پر مشتمل کونٹینٹ بک Content Book کی ویب سائیٹ پر اپلوڈ کر دی گئی ہے۔ اس سال کونٹینٹ بک کی خاصیت یہ ہے کہ اس میں نا صرف حاصلات تعلم Learning Outcomes مہیا کیے گئے ہیں بلکہ اساتذہ کی سہولت کے لیے عنوانات کو ہفتہ وار بنیادوں پر تقسیم کر دیا گیا ہے، مزید برآں اساتذہ اور طلباء کی رہنمائی اور بہتر تدریس کے لیے تحریری مواد اور آڈیو لیکچرز پر مشتمل ہر ٹاپک پر لرننگ مٹیریل بھی مہیا کیا گیا ہے۔ لرننگ مٹیریل کے لیے لنک نیچے دیا گیا ہے۔

https://learn.pef.edu.pk

تمام پیف پارٹنر سکولز اور پی ایس آر پی فیز ا کے لائسینسیز سے درخواست کی جاتی ہے کہ کونٹینٹ بک ڈاؤن لوڈ کر کے اپنے سکول کے اساتذہ کو فراہم کریں اور اساتذہ کی تدریسی رہنمائی کے لیے درج بالا لنک کے ذریعے اپنے اساتذہ اور طلباء کے لیے لرننگ مٹیریل تک رسائی ممکن بنائیں تاکہ وہ اپنی تدریسی سرگرمیاں ہفتہ وار عنوانات کی تکمیل اور حاصلات تعلم کے حصول کے پیش نظر ترتیب دیں۔ یاد رہے جس ماہ کیو اے ٹی منعقد کیا جائے گا اس سے پچھلے ماہ تک کے تمام عنوانات کیو اے ٹی کے نصاب میں شامل ہوں گے۔

ہم آپ کے تعاون کے شکر گزار رہیں گے۔

خیر اندیش

(ڈائریکٹر-کیو-اے-آئی)

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Road,
Gulzar-e-Quaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-9330273 & 75

Regional Office Multan
238-B, Model Town Multan,
Ph: 061-6216399

CamScanner